سید نعمت شاہ کاظمی کو صدمہ

مورخہ 17 مئی بروز ہفتہ سید نعمت شاہ کاظمی جو کہ جامعہ میں کافی عرصہ سے باورچی کی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ اُن کی والدہ محترمہ وفات پا گئیں۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔مرحومہ بڑی ہی نیک، پارسا اور بااخلاق خاتون تھیں۔

افتخار احمد مغل، محمد بشیر مغل، محمد آصف مغل اور محمد اکرم مغل کو صدمہ

مورخہ 26 جولائی بروز ہفتہ افتخار احمد مغل کی والدہ، محمد بشیر مغل صاحب کی بھابھی اور محمد آصف مغل و محمد اکرم مغل کی خالہ محترمہ، عبدالمجید مغل (مرحوم) کی زوجہ محترمہ وفات پا گئیں۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔مرحومہ انتہائی متقیہ، پرہیز گار اور شفیق خاتون تھیں۔ان کی نماز جنازہ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے مجاہد آباد میں پڑھائی۔جس میں جہلم، چتر پڑی، میر پور اور اسلام گڑھ سے بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل کو صدمہ

مورخہ 5 اگست بروز منگل شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل کی خالہ محترمہ لاہور میں وفات پا گئیں۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند، نیک اور بااخلاق خاتون تھیں۔

منصور رحمٰن شمسی، شعیب رحمٰن شمسی، اسرار احمد شمسی کو صدمہ

مورخہ 18 اگست بروز سوموار منصور رحمٰن شمسی اور شعیب رحمٰن شمسی کی والدہ، شیخ اسرار احمد شمسی، شیخ مختار احمد شمسی کی ہمشیرہ، شیخ مقبول احمد شمسی مرحوم کی بیٹی، شیخ عبدالرحمٰن مرحوم کی زوجہ محترمہ وفات پا گئیں۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔مرحومہ نہایت ہی نیک، متقیہ اور پرہیز گار خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

احمد محمود قریشی، اقبال محمود قریشی، افتخار محمود قریشی، ظفر محمود قریشی کو صدمہ

مورخہ 18 اگست بروز سوموار ظفر محمود قریشی، افتخار محمود قریشی اور اقبال محمود قریشی کے بھائی جناب گلزار محمود قریشی طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔مرحوم عرصہ سے مختلف بیماریوں میں مبتلا تھے۔مرحوم کی دین کے ساتھ محبت اور لگن تھی کہ انہوں نے اپنے دیگر شرکاء کے مشورہ سے مظفر ٹاؤن میں مسجد کیلئے جگہ وقف کی جہاں پر مسجد تکمیلی مراحل میں ہے۔اللہ تعالیٰ مرحوم کی یہ نیکی قبول فرما کر اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے (آمین) مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔(آمین)